## سوال

(81) نماز میں منہ لپیٹنا یا دیوار سے ٹیک لگانا جائز ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا نماز میں منہ لپیٹنا یا دیوار یا ستون سے یا ایسی ہی کسی دوسری جگہ سے ٹیک لگانا جائز ہے ؟

ابراہیم ۔ س ۔ المنطقہ الجنوب

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی سبب کے بغیر نماز میں منہ لپیٹنا مکروہ ہے، نہ ہی فرض نماز میں کسی دیوار یا ستون سے ٹیک لگانا جائز ہے ۔ کیونکہ طاقت رکھنے والے نمازی پر بغیر ٹیک کے سیدھا کھڑا ہونا واجب ہے ۔

البتہ نفلی نمازوں میں ٹیک لگالینے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ انہیں بیٹھ کر بھی ادا کیا جا سکتا ہے اور ٹیک لگاتے ہوئے بھی ۔ البتہ کھڑے ہو کر نفل ادا کرنا بیٹھ کر ادا کرنے سے افضل ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتاویٰ دار السلام

## ج 1

## محدث فتویٰ